| | | |
|---|---|---|
| سروے کرنے والے کا نام | 1۔ | 2۔ |
| گاؤں کا نام | | |

Annual Status of Education Report

اثر ASER PAKISTAN 2015

Facilitated by SAFED

# کتابچہ برائے ہدایات

## فہرست


| | | |
|---|---|---|
| (1) گاؤں میں کیا کیا جائے۔ | ............................................ | 2 |
| (2) گھروں کی نشاندہی کیسے کی جائے۔ | ............................................ | 2 |
| (3) گھروں کا چناؤ کیسے کیا جائے۔ | ............................................ | 3 |
| (4) ہر گھر میں کیا کرنا ہے۔ | ............................................ | 5 |
| (5) گھروں کی سروے شیٹ | ............................................ | 6 |
| (6) بچوں کے ٹیسٹ کیسے لیے جائیں۔ | ............................................ | 7 |
| (7) پڑھنے کی صلاحیت کی جانچ کے مراحل۔ | ............................................ | 8 |
| (8) ریاضی کے معیار کو جانچنے کے مراحل۔ | ............................................ | 9 |
| (9) بنیادی انگریزی کی جانچ کے مراحل۔ | ............................................ | 10 |
| (10) بنیادی جنرل نالج کی جانچ کے مراحل۔ | ............................................ | 11 |
| (11) سکولوں میں کیا کیا جائے۔ | ............................................ | 13 |
| (12) یاد رکھنے کے خاص نکات / خلاصہ | ............................................ | 17 |

## گاؤں میں کیا کیا جائے۔

ہر ضلع ٹیم کو ضلع میں موجود گاؤں پر مشتمل فہرست مہیا کی جائے گی۔ ضلع ٹیم کو مہیا کی گئی فہرست میں موجود تمام گاؤں میں جا کر ہر گاؤں میں 20 گھروں کا سروے کرنا انتہائی اہم ہے۔

## سرگرمی نمبر 1- گاؤں میں کیا کیا جائے؟

☆ **سرپنچ سے رابطہ کریں:** گاؤں میں موجود کونسلر، پنچائیت کے ممبران یا پھر بڑے بوڑھوں سے اپنا تعارف کروائیں۔ گاؤں میں داخل ہوتے ہی مختلف لوگوں سے سلام ودعا اور بات چیت شروع کریں تا کہ آپ گاؤں کے بارے میں صحیح معلومات حاصل کر سکیں۔ ان کو اثر (ASER) کے بارے میں بتائیں۔ آپ کو شروع کی جان پہچان اور بات چیت میں کم از کم ایک گھنٹہ بھی لگ سکتا ہے۔ گاؤں کے کونسلر سے گاؤں میں موجود گھروں کی تعداد کا اندازہ لیں۔

| |
|---|
| **(ASER) اثر کا تعارف کیسے کروایا جائے!!!**<br>گاؤں کے لوگوں کو آسان اور واضح لفظوں میں اثر (ASER) کا تعارف کروانا نہایت اہم ہے۔ مثلاً آپ مندرجہ ذیل طریقے سے اثر (ASER) سروے کی وضاحت کر سکتے ہیں۔<br>ہماری ٹیم پاکستان میں معیاری تعلیم کے بارے میں سروے کر رہی ہے جس کا نام (ASER) ہے۔ ہم جاننا چاہتے ہیں کہ کیا 16-3 سال کے بچے سکولوں میں کچھ سیکھ رہے ہیں یا نہیں۔ یا ان کا اسکولوں میں داخلہ ہوا ہے کہ نہیں ہم یہ ریسرچ پاکستان کے 145 دیہی اضلاع اور 4000 سے زائد دیہات میں کر رہے ہیں۔ آپکا گاؤں ان میں سے ایک ہے۔ ایک گورنمنٹ اور ایک پرائیویٹ اسکول (اگر موجود ہے) میں بھی جائیں گے تا کہ ان کے تعلیمی معیار کا جائزہ لیا جا سکے۔ ہم آپ کے گاؤں میں سے بیس گھر چنیں گے جس میں بچوں کو اردو اور انگلش پڑھنے اور ریاضی کے بنیادی سوالات حل کرنے کو کہا جائے گا۔ اسطرح آپ بھی جان پائیں گے کہ تعلیم کا کیا معیار ہے۔ اور حکومت کو بھی کہا جائے گا کہ تمام دیہاتوں میں تعلیم کا معیار بلند کیا جانا چاہیے۔ |

## سرگرمی نمبر 2- گھروں کی نشاندہی کیسے کی جائے؟

☆ **لوگوں سے بات چیت کریں:**۔ اس گاؤں میں کتنے محلے / حصے ہیں۔ وہ کدھر / کس جگہ قائم ہیں۔ محلوں کی سماجی ساخت کیسی ہے۔ ہر محلے / حصے میں تقریباً کتنے گھر ہیں؟ گاؤں میں کتنے گورنمنٹ اور کتنے پرائیویٹ سکول ہیں؟ ان کو اثر (ASER) کے بارے میں بتائیں۔

☆ اکثر اوقات گاؤں میں موجود گلیوں اور سڑکوں کا خاکہ بنانا بہت مددگار ثابت ہوتا ہے۔ بہتر ہے کہ پہلے زمین پر خاکہ بنایا جائے تا کہ اردگرد کے لوگ جان سکیں کہ کیا ہو رہا ہے۔ گاؤں میں موجود گھر، محلے، سکول اور دیگر مقامات وغیرہ کے بارے میں جاننے کے لئے مقامی لوگوں سے مدد لیجئے اور مقامی لوگوں کی مدد سے چار محلوں کا انعقاد کریں۔ ان کے درمیانی مقام کے بارے میں درج کریں۔ تفصیلات کے لئے Annex A کو دیکھیں۔

**سرگرمی نمبر 3۔گھروں کا چناؤ کیسے کیا جائے:۔ (How to Select Households)**

☆ پورے گاؤں میں سے 20 گھروں کی معلومات بائیں ہاتھ کے اصول کو استعمال کرتے ہوئے چار مختلف محلوں/حصوں سے اکٹھی کی جائیں گی۔

☆ گاؤں کے ہر حصے میں جائیں۔ ہر حصے کا وسط تلاش کرنے کی کوشش کریں۔ پھر وسطی حصے پر موجود گھر کی طرف منہ کر کے کھڑے ہوں اور بائیں ہاتھ کی جانب سے گھروں کو گننا شروع کریں۔ بائیں جانب آنے والا ہر پانچواں گھر آپکے سروے کا حصہ بنے گا۔ مثلاً (پہلا۔ چھٹا۔ گیارواں۔ سولھواں وغیرہ) ہر گھر اور بچوں کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔

**○ اگر گھر بند ہو تو؟ (House Closed)**

اگر کسی گھر کے باہر تالا لگا ہو یا گھر پر کوئی موجود نہ ہو تو اس گھر کو اپنی سروے شیٹ پر ''بند گھر'' لکھ کر نوٹ کر لیں۔ **ایسا گھر سروے کی تعداد میں نہیں گنا جائے گا۔** اس سے متصل دوسرے گھر میں چلے جائیں۔

**○ اگر کوئی جواب نہ ملے؟ (No Response)**

کسی گھر سے سروے کے بارے میں معلومات نہ دی جائیں تو اسے اپنی سروے شیٹ میں "No Response" لکھ کر اس سے اگلے گھر میں چلے جائیں۔ جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے۔ **ایسے ہی آپکا یہ گھر بھی سروے میں نہیں گنا جائے گا۔** ہر سیکشن میں کم از کم پانچ گھروں، جن میں لوگ موجود ہوں اور سروے میں شامل بھی ہونا چاہئیں کا دورہ ضرور کریں۔ اور معلومات حاصل کریں۔

**○ اگر گھر میں کوئی بچہ نہ ہو تو؟ (No Children)**

اگر کسی گھر میں بچے یا پھر خصوصاً 16-3 سال کی عمر کے بچے موجود نہ ہوں لیکن گھر میں باقی افراد موجود ہوں تو ایسا گھر آپکے سروے میں شامل ہوگا۔ اس گھر کی باقی تمام معلومات مثلاً افراد کی تعداد سربراہ کا نام، عمر اور تعلیم اور ماں سے متعلقہ معلومات حاصل کریں۔ **ایسا گھر آپکے سروے کا پانچواں گھر شمار کیا جائے گا۔**

☆ **ہر حصہ / محلّہ میں پانچ گھر مکمل کرنے کے بعد رک جائیں۔** پانچ منتخب شدہ گھروں سے پہلے اگر آخر تک پہنچ گئے ہیں تو دوبارہ چکر لگائیں اور بائیں ہاتھ کا اصول ہر 5 گھر کے لیے استعمال کریں۔ اگر سروے شدہ گھر دوبارہ منتخب ہو جائے تو دوسرے گھر کو منتخب کریں۔ سروے کو جاری رکھیں حتیٰ کی ہر حصہ میں 5 گھروں کا سروے ہو جائے۔


☆ اب آپ دوسرے منتخب حصہ میں جائیں۔ اور اس عمل کو دُہرائیں۔


☆ اس بات کا یقین کر لیں کہ آپ گھروں میں اس وقت جائیں جب بچوں کا گھر پر ہونے کا امکان سب سے زیادہ ہو۔ **اس کا مطلب ہے کہ چھٹی یا ہفتہ / اتوار جائیں۔**

☆ اگر کسی گھر سے کوئی جواب نہ ملے تو اپنی ٹیم اور طریقہ کار کے بارے میں سوچیں۔ ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ وہ مرد کسی گھر میں جائیں تو ان کو اجازت نہ ملی ہو۔

ایک گاؤں میں محلے کے اندر آپ نے Household کا نمونہ کیسے لینا ہے؟

How to sample HHs in a hamlet in a village?



ہر منتخب گھر میں پوچھیں کہ ان کے گھر کتنے چولہے ہیں اگر ایک سے زائد ہیں تو ان میں سے کوئی سا ایک چولہے کا انتخاب کریں۔ اس کو مکمل کرنے کے بعد آپ اگلے پانچویں گھر میں جائیں۔

ہدایات

1- محلے کا مرکز ڈھونڈنے کے لئے مکانوں کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو جائیں۔

2- اپنے بائیں ہاتھ پر ہر پانچویں گھر کا سروے کریں۔

3- اگر کوئی گھر بند ہو یا اس میں کوئی نہ رہتا ہو تو اس کو ''بند گھر'' کے نام سے درج کر لیں اور اگلے کھلے گھر میں چلے جائیں۔

4- اگر گھر والے سروے میں حصہ نہ لینا چاہیں تو ''No Response'' درج کر دیں اور اس سے اگلے گھر چلے جائیں۔

5- اگر کسی گھر میں کوئی بچہ نہ ہو یا کسی بھی بچے کی عمر 3 سے 16 سال کے درمیان نہ ہو تو اسکو سروے میں درج کریں۔

6- اگر آپ محلے کے آخر میں پہنچ گئے ہیں، پانچویں گھر سے پہلے تو آپ دوبارہ گھوم کر واپس جائیں ''ہر پانچویں گھر کا اصول'' استعمال کرتے ہوئے سروے مکمل کریں۔

## سرگرمی نمبر 4: ہر گھر میں کیا کرنا ہے۔ (What to do in Each Household)

**(volunteers) رضا کاروں کے لئے عمومی ہدایات**

☆**ایک سے زائد باورچی خانے:** یہ پوچھیں کہ گھر میں کتنے باورچی خانے ہیں اگر ایک سے زائد ہیں تو ان میں سے کسی ایک باورچی خانے کا انتخاب کریں۔ سروے مکمل ہونے کے بعد اگلے پانچویں گھر میں چلے جائیں منتخب شدہ گھر میں آپ بچوں کے بارے میں پوچھیں۔ جن کی عمر 3 سے 16 کے درمیان ہو اور وہ ایک ہی باورچی خانے سے کھاتے ہوں (یعنی کہ گھر کے تمام افراد وہی کھانا پکاتے اور کھاتے ہوں) وہ ایک ہی باورچی خانہ یا چولہا استعمال کرتے ہوں لیکن اپنے خاندان کے لئے علیحدہ علیحدہ کھانا بناتے ہیں۔

**منتخب شدہ گھر:** ہمیں ان تمام بچوں (3 سے 16 سال) کی معلومات لینی ہوگی جو اس گھر میں رہتے ہوں۔

☆**3 سے 5 سال کی عمر کے بچے:** Household Sheet پر آپ بچے کا نام عمر اور باقی تمام معلومات درج کریں خواہ وہ کسی بھی کلاس کا طالبعلم ہو یا سکول نہ بھی جاتا ہو۔ **ہم ان بچوں کا ٹیسٹ نہیں لیں گے جن کی عمر 5 سال سے کم ہو** مثلاً اگر بچے کی عمر 4 سال اور 11 ماہ ہے تب بھی ہم بچے کا ٹیسٹ نہیں لیں گے۔ اگر بچہ کبھی اسکول میں پڑھنے نہیں گیا اور وہ کسی کلاس کا طالبعلم نہیں تو شیٹ پر "Never Enrolled" والے خانے پر نشان لگائیں

☆**5 سے 16 سال کی عمر کے بچے:** اپنی Household Sheet پر بچے کا نام عمر اور باقی معلومات درج کریں۔ اس عمر کے بچوں کا اردو/ سندھی/ پشتو، ریاضی اور انگریزی زبان کا ٹیسٹ لیں گے۔ ہمیں پتہ ہے کہ چھوٹے بچے نہ تو پڑھ سکتے ہیں اور نہ ہی ریاضی کر سکتے ہیں لیکن پھر بھی ہمیں ایک جیسا عمل جاری رکھنا پڑے گا۔ ٹیسٹ سے پہلے اور ٹیسٹ کے دوران اس بات کی یقین دہانی کرلیں کہ بچہ پرسکون حالت میں ہے اور بچے کو وافر ٹائم دیا جائے۔

**ہم 5 سال اور اس سے زائد عمر کے بچوں کا ٹیسٹ لیں گے خواہ وہ کچی کلاس یا Pre-School میں ہی کیوں نہ ہو یا پھر سکول نہ بھی جاتے ہوں۔**

**باقی معلومات:۔**

☆**غیر رہائشی بچے:۔** منتخب شدہ گھر میں ان بچوں کا سروے ہرگز نہ کریں جو اپنے رشتہ داروں کے گھر یا دوستوں کے گھر چند دنوں کے لئے آئے ہوتے ہیں۔ ان بچوں کا اس صورت میں ٹیسٹ لیں جب گھر کے افراد یا بچے خود زور دیں لیکن اس ٹیسٹ کے نتائج کو ہرگز Household Sheet پر درج نہ کریں۔ گھر کے افراد یا پڑوس سے پوچھیں کہ اس گھر میں کون سے بچے باقاعدگی سے رہتے ہیں

☆**بڑے بچے:۔** عموماً بڑے لڑکے اور لڑکیوں (جن کی عمر 11 سے 16 سال ہو) انہیں بچے تصور نہیں کیا جاتا۔ اس طرح کے مسائل سے محتاط رہیں اور ان کو بچے کر کے نہ پکاریں۔ اس بات کی کھوج لگائیں کے کون کون گھر میں رہتا ہے تاکہ ہماری متعلقہ عمر کے بچے رہ نہ جائیں۔ مزید یہ کہ اکثر ایسے بچے یا تو گھریلو معمولات میں مصروف ہوتے ہیں یا پھر کھیتوں میں۔ گھر کے لوگوں سے کہیں کہ ان کو بلا دیں تاکہ آپ ان سے براہ راست بات کر سکیں۔ اگر وہ فی الفور نہ آئیں تو اس گھر کی نشاندہی کرلیں اور جب آپکا سروے مکمل ہو جائے تو دوبارہ اس گھر کا معائنہ کرتے جائیں۔

☆**مائیں 16 سال یا اس سے کم عمر کی:۔** اکثر گاؤں میں، آپ کا اُن ماؤں سے بھی آمنا سامنا ہوتا ہے جن کی عمر 16 سال یا اس سے بھی کم عمر کی ہوتی ہیں۔ انکا بھی پڑھائی، ریاضی اور انگریزی کا ٹیسٹ لیں کیونکہ وہ ہمارے سروے کے متعلقہ عمر کے گروپ میں آتی ہیں۔ آپ کو ان سے ماؤں سے متعلقہ معلومات بھی لینا پڑیں گی (اگر ان کے 3 سال یا اس سے زائد عمر کے بچے ہوں۔ تو ان کی معلومات کو بھی درج کرلیں۔

**بہت سارے بچے آپ کے پاس آئیں گے اور ٹیسٹ دینا چاہیں گے ایسے بچوں کو ہرگز حوصلہ شکنی نہ کریں۔ آپ ان کے ساتھ بات چیت کر سکتے ہیں۔ لیکن آپ کو اس امر پر توجہ دینی ہے کہ معلومات صرف اور صرف منتخب شدہ گھر میں رہنے والے بچوں کی ہی لی جائے گی۔**

گھروں کا سروے مکمل ہونے کے بعد آپ لوگوں کا شکریہ ضرور ادا کریں۔

## سرگرمی نمبر 5۔Household Survey Sheet

☆ **گھر کی شناخت:** گھر کی شناخت کے لئے ہر Household Sheet پر نیا نمبر لکھیں (جیسے 20............1,2,3)

☆ **خاندان کے سربراہ کا نام:** گھر کے سربراہ کا نام لکھیں۔ یہ سربراہ اس خصوصی فیملی کا بھی ہوسکتا ہے جس کو آپ نے اپنے سروے کے لئے منتخب کیا ہوتا ہے یا ایک ایسا شخص بھی ہوسکتا ہے جو کہ مشترکہ خاندان کا سربراہ ہو۔

☆ **کل افراد ایک کچن کے ساتھ:** ایک باورچی خانہ استعمال کرنے والے مرد اور عورتوں کی تعداد لکھیں۔ اس میں تمام بچے بھی شامل ہیں۔

☆ **سروے کے بارے میں معلومات:** سروے کرنے والوں کے نام سروے کی تاریخ، دن اور شروع کرنے کا ٹائم لکھیں۔ گاؤں کے بارے میں معلومات مکمل کریں جیسے گاؤں کا نام، یونین کونسل تحصیل، ضلع اور صوبہ۔

☆ **ایک گھر سے سروے کرنے کے بعد سروے ختم ہونے کا ٹائم درج کرنا ہرگز نہ بھولیں۔**

### (1) بچے کی معلومات

☆ **ماؤں کا نام:** (Mother's Name) اس ماں کا نام لکھیں جس کے بچے کی تعلیمی معیار کی جانچ پہلے کی جائے گی۔

☆ **بچے کا نام:** (Name of Child) 3 سے 16 سال کے بچے کا نام لکھیں جو باقاعدہ رہائشی ہو۔

☆ **عمر:** (Age) بچے کی عمر درج کریں (صرف 3 سے 16 سال کے عمر کے بچے کی)

☆ **جنس:** (Gender) بچے کی جنس لکھیں (M) لڑکے کے لئے اور (F) لڑکی کے لئے۔

**تعلیم کا درجہ (Educational Status)(3-16 years)**

**1. کبھی داخل نہ ہوا ہو: (Never Enrolled)** اس ڈبے میں ٹک لگائیں جب بچہ کبھی سکول داخل نہ ہوا ہو۔

**2. خارج (Drop Outs)** اگر بچے نے اسکول جانا چھوڑ دیا ہے ہوتو اس ڈبے میں ٹک لگائیں.

**3. اسکول میں داخل ہے۔ (Currently Enrolled)** اگر بچہ اسکول میں داخل ہے تو "Currently Enrolled" پر نشان لگائیں

**خارج (Drop Outs)**

اگر بچے نے اسکول جانا چھوڑ دیا ہے ہوتو وہ جماعت درج کریں جو اس بچے نے پاس / مکمل کی ہو۔ جس جماعت تک تعلیم مکمل کی نہ کہ جس جماعت میں تعلیم ادھوری چھوڑی۔

**سکول چھوڑنے کی وجہ:** سکول چھوڑنے کی کیا وجہ تھی بیان کی گئی اقسام میں سے متعلقہ خانے میں نشان لگائیں۔ مثلاً L سے مراد Law & Order ہے P سے مراد Poverty ہے، F سے مراد Flood، S سے مراد School Building Shifted by Government، N سے مراد No School اور O سے مراد Others ہے۔

**سکول میں جانے والے بچوں کی معلومات**

**موجودہ جماعت:** (Class / Grade) وہ جماعت لکھیں جس میں بچہ دورانِ سروے جا رہا ہو۔

☆ **ادارے کی قسم:** (Type of Institute) متعلقہ سکول کی قسم والے خانے میں ٹک لگائیں آیا بچہ گورنمنٹ سکول، پرائیویٹ سکول، مدرسہ، Non Formal School یا کسی اور اسکول کے قسم میں جاتا ہے۔ **مدرسہ کا مطلب یہ نہیں جہاں بچہ ناظرہ قرآنِ پاک پڑھنے جاتا ہو۔ بلکہ مدرسہ سے ہماری مراد ایک ایسا ادارہ ہے جہاں بچہ پڑھ** رہا ہے یا صرف اپنی تعلیم کے لئے وہاں رہ رہا ہے۔

**کیا بچہ سروے کیے گئے سکول میں جاتا ہے؟ (Does the Child go to the Surveyed School)**

اگرچہ آپ سکول سروے سوموار یا ہفتے کو کر رہے ہوں گے اور گھروں کا سروے اتوار کو ہوگا۔ گاؤں کا خاکہ بنانے کے دوران ہی گاؤں کے سکولوں کے بارے میں معلومات اکھٹی کی جائیں گی۔ جن دو اسکولوں کا سروے (گورنمنٹ اور پرائیویٹ) کیا جانا ہے۔ ان کا نام نوٹ کریں اور بچے سے پوچھیں کہ وہ کس اسکول میں جاتا ہے۔ اگر وہ سروے کیے جانے والے اسکول میں جاتے ہیں تو Yes اور اگر کسی اور اسکول میں نہیں جاتے ہے تو No پر نشان لگائیں۔

## ٹیوشن: (Tuition)

اگر بچہ پیسے دے کر ٹیوشن لیتا ہے تو (Yes) پر ٹک کا نشان لگائیں ورنہ (No) پر۔ ہم اُس Tuition کو نوٹ نہیں کریں گے جو اپنے چچا، ماموں یا سکول کی اُستانی کے گھر بغیر پیسے دیئے پڑھتا ہو۔

اگر بچہ فی الوقت ٹیوشن جاتا ہے تو آپ پاکستانی روپوں میں وہ رقم لکھیں جو وہ ادا کر رہا ہے۔

## سرگرمی نمبر 6: بچوں کے ٹیسٹ کیسے لیے جائیں۔ (How to test a child)

**☆ بچوں کا جائزہ لیتے ہوئے ضروری ہے کہ ہمارے ذہنوں میں یہ بات واضح ہو کہ ہم وہاں بچوں کا امتحان لینے نہیں جا رہے بلکہ ہم صرف یہ دیکھنے جا رہے ہیں کہ بچے پڑھائی اور حساب کتنا آسانی سے کر سکتے ہیں۔**

اس مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے یہ ضروری ہے کہ بچے پُرسکون ہوں اور اس بارے میں پریشان نہ ہوں کہ ان کی کارکردگی کیسے ہوگی خوشگوار اور دوستانہ ماحول کیلئے ٹیسٹ سے پہلے بچے سے دوستانہ بات چیت بہت معاون ثابت ہوتی ہے۔

اکثر اوقات خاندان کے دوسرے افراد بھی یہ دیکھنے کے لیے اکھٹے ہو جاتے ہیں کہ بچہ کیسا کام کر رہا ہے۔ یہ بات بچے کے لیے پریشانی کا باعث ہو سکتی ہے۔ ASER ٹیم کو چاہیے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ بچہ دباؤ کا شکار تو نہیں ہے۔ بچے کے اردگرد لوگوں سے ٹیم کا دوسرا ممبر بات کر سکتا ہے اور پہلا ممبر بچے کے ساتھ کام کرتا رہے۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ آپ بچے کے گھر والوں اور باقی بڑوں کو یہ بات اچھی طرح سمجھائیں کہ آپ صرف تعلیم کا معیار دیکھنے آئے ہیں نہ کہ ان کے بچے کا امتحان لینے اور نہ ہی اس لیے کہ حکومت کو سکولوں کی حالت بہتر بنانے کے لیے دباؤ ڈالنا ہے کہ بچے کی تعلیمی قابلیت بہتر ہو۔

**بچہ جو بھی ٹیسٹ میں کرنے جا رہا ہے اس کی حوصلہ افزائی کریں**

**بچے کو پڑھنے، حل کرنے اور سوچنے کے لیے خاصا وقت دیں۔ اور صبر کا مظاہرہ کریں۔**

اثر (ASER) سروے میں ہماری کوشش یہ ہونی چاہیے کہ بچے کی آسانی کے لیے بلند ترین معیار قائم کریں جس میں وہ مختلف کام (پڑھنا اور حساب وغیرہ) آسانی سے کر سکے۔ یہ فیصلہ کرنے کے لیے کہ بچے کو کتنا آتا ہے آپ کو اسے مختلف کاموں میں سے گزارنا پڑے گا۔ کسی بھی کام کی مشق سے بچے کی کارکردگی میں بہتر آئے گی۔

**☆ مثال کے طور پر:**

اگر بچہ اردو میں کسی آسان پیراگراف کو پڑھنے سے شروع کرتا ہے۔ آپ دیکھتے ہیں کہ وہ رک رک کر اور بہت آہستہ پڑھ رہی / رہا ہے۔ اس سے کہیں کہ الفاظ کی لسٹ میں سے لفظ پڑھے۔ دیکھیں کہ اگر وہ الفاظ آسانی سے پڑھ سکتا / سکتی ہے اگر نہیں تو اسے حروف کی لسٹ پر لے جائیں اگر وہ حروف آسانی سے پڑھ سکتا / سکتی ہے۔ اسے دوبارہ الفاظ پر واپس لے آئیں۔ اب اگر وہ الفاظ بھی آسانی سے پڑھ رہی / رہا ہے تو اسے اصل پیرگراف پر لے آئیں قوی امکان ہے کہ جو پیراگراف وہ پہلے نہیں پڑھ سکا / سکی تھی اب آسانی سے پڑھ سکے گی / گا۔ جان پہچان اور بار بار کی مشق کی وجہ سے اب اسکی کارکردگی بہتر ہوئی ہے۔ بچے کو اس چیز کی اجازت دیں کہ وہ ایک تحریر کو 2-3 دفعہ پڑھ سکے۔ حساب کے لیے بھی اسی طرح کریں۔ انگریزی زبان کے ٹیسٹ کے لیے چونکہ آپ حروف تہجی سے شروع کر رہے ہیں تو ان کو خاصا وقت دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ بار بار کوشش کریں۔

**غلطی کیا ہے اور کیا غلطی نہیں ہے۔**

آپ بچوں کو جب پڑھتا ہوا سنیں گے تو آپ یہ کچھ بھی سن سکتے ہیں۔ ذیل میں اردو سے کچھ مثالیں ہیں۔

☆ لگنے کو ا'گر' لگا' اور چاہیے کو' چاہتا' یا پھر ہے کو تھا وغیرہ پڑھ جائے۔ بچوں کی پڑھائی میں مختلف لہجے ہو سکتے ہیں ان کے علاقے کے مطابق اس کو غلطی نہ گردانا جائے۔

☆ ایک معنی کے دو الفاظ ایک دوسرے کی جگہ بولے جا سکتے ہیں مثال کے طور پر ''برسات کا موسم'' پڑھنا ہے لیکن بچہ اسے ''برسات کا وقت'' پڑھتا ہے۔ اس کو بھی غلطی نہ سمجھا جائے۔

عام طور پر اگر بچے کو کہا جاتا ہے کہ دوبارہ دھیان سے پڑھے تو وہ دوبارہ پڑھتی / پڑھتا ہے اور اکثر اوقات اس غلطی کو دوبارہ نہیں کرتا۔

لیکن اگر بچے کو بار بار یہ کہا جاتا ہے کہ اس کو دوبارہ پڑھو یہ دیکھنے کے لیے کہ وہ صحیح پڑھتا ہے یا نہیں۔ لیکن کئی دفعہ یہ کہنے کے باوجود بھی اگر وہ ایک ہی غلطی کو دہراتا ہے یا پڑھتا / پڑھتی ہی نہیں ہے۔ تو اس کو غلطی ہی تصور کیا جائے گا۔ یعنی بچے کو یہ لیول پڑھنے میں مشکل ہو رہی ہے۔ ایک پیراگراف میں اگر وہ 3 یا اس سے زیادہ اسی قسم کی غلطیاں کرتا ہے تو اسے "Para" Level پر نہیں سمجھا جائے گا۔ انھی باتوں کو کہانی پڑھنے کے دوران دہرایا جائے گا۔

**اس بات کو یقینی بنائیں کہ جب ہم بچے کو پڑھائی کرتے ہوئے اور حساب حل کرتے ہوئے دیکھ رہے ہوں تو ہمارا مقصد محض بچے کی غلطیاں نکالنا ہی نہیں ہے۔**

**اس بات کو سراہیں کہ بچے نے کوشش کی۔**

**اور اگر بچہ غلطیاں بھی کر رہا ہے تو ان غلطیوں پر اس کے سامنے نشان نہ لگائیں۔ جب کہ یہ آپ ٹیسٹ لینے کے فوری بعد کریں۔**

## سرگرمی نمبر 7: بنیادی تعلیمی معیار

## (سال 16-5)

### پڑھنا Reading

متعلقہ خانے پرنشان لگائیں، سب سے زیادہ والا معیار ( کچھ نہیں پڑھ سکتا، حروف تہجی، الفاظ، پیرا اور کہانی ) جس کو بچہ آسانی سے پڑھ سکتا ہے۔Test کے دونوں نمونے جو آپ کو دیئے گئے ہیں استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ وہ بچے جو کہانی پڑھ لیں ان سے بونس سوالات پوچھیں۔

Reading ٹیسٹ کو کرنے کا عمل درج ذیل ہے

### پڑھنے کی صلاحیت کی جانچ کے مراحل (اردو، پشتو اور سندھی)

| Reading Level | ٹیسٹ کرنے اور بچوں کے معیار بندی کا طریقہ |
|---|---|
| کہانی پڑھنا (Story)<br>(جماعت دوم کی سطح کا) | اگر بچہ کہانی کو آسانی کے ساتھ صحیح روانی میں پڑھتا ہے تو اس کو ''کہانی کے معیار/Story Level'' پرنشان لگائیں اور اگر بچہ کہانی نہیں پڑھ پایا تو وہ Sentence Level پر ہے۔ |
| بونس سوالات | کہانی پڑھنے والے بچوں سے اضافی (Bonus) سوالات کے بارے میں پوچھیں اور اگر ضروری ہو تو انکو کہانی دوبارہ پڑھنے کو دیں اور ایک ایک کر کے سوالات کو دہرائیں۔ اگر پہلے سوال کا جواب درست ہو تو (Yes) پر ٹک کا نشان لگائیں ورنہ (No) پر۔ اگر دوسرے سوال کا جواب درست ہو تو (Yes) پر ٹک کا نشان لگائیں ورنہ (No) پر۔ |
| آسان<br>پیرا/جملے (Sentences)<br>(جماعت اول کی سطح کا)<br><br>یہاں سے شروع کریں ← | ☆ بچوں کو دو آسان پیراگراف میں سے کوئی بھی ایک پڑھنے کو کہیے۔<br>☆ جب بچہ پڑھ رہا ہو تو دھیان سے سنیں۔<br>☆ بچہ آہستہ آہستہ اور رک رک کے پڑھ سکتا ہے۔ اگر بچہ اس کو پیرا کی طرح نا کہ الفاظ الگ الگ کر کے پڑھتا ہے تو اس کو ''پیرا کے معیار'' (sentence level) پر ہے۔<br>☆ جب آپ یہ فیصلہ کر لیں کہ بچہ جملے پڑھ سکتا ہے تو اسے کہانی پڑھنے کو کہیے۔ اگر وہ کہانی نہیں پڑھ پاتا تو بچے کو Sentence Level پرنشان لگائیں۔<br>☆ اگر بچہ جملوں کو توڑ توڑ کر، آہستہ آہستہ اور رک رک کر پڑھتا ہے یا جملوں کو اس طرح پڑھتا ہے کہ ایک لفظ کے بعد دوسرا پھر تیسرا تو وہ بچہ جملوں یا پیرا کے معیار (sentence level) کا نہیں آپ اسے ایک لیول/درجہ پیچھے یا الفاظ کو پڑھنے کو کہیے۔ |
| الفاظ (Words)<br>(آسان الفاظ کی فہرست) | ☆ الفاظ کی فہرست میں سے بچے کو کوئی سے پانچ الفاظ پڑھنے کو کہیں۔ بچے کو خود سے الفاظ چننے دیں۔ اگر الفاظ چننے میں بچہ دشواری محسوس کر رہا ہے تو آپ مدد کریں۔ اگر بچہ 5 میں سے 4 الفاظ کو آسانی سے پڑھ پاتا ہے تو اس کو پیرا پڑھنے کو کہا جائے۔ شیٹ پر الفاظ کے معیار/Words level پرنشان لگائیں اگر بچہ الفاظ کو پڑھ سکتا ہے لیکن پیراگراف کو نہیں پڑھ سکتا۔<br>☆ اگر بچہ 5 میں سے 4 الفاظ کو نہیں پڑھ پاتا تو اسے حروف تہجی پڑھنے کو کہا جائے۔<br>☆ بچے کو پانچ سے زیادہ الفاظ پڑھنے نہ دیا جائے کیونکہ کونسے پانچ الفاظ درست تھے منتخب کرنے میں آپ کو دشواری ہوگی۔ |
| حروف تہجی (Letter) | ☆ حروف تہجی کی فہرست میں سے بچے کو 5 حروف پڑھنے کو کہیے۔ بچے کو خود سے حروف چننے دیں اگر حروف چننے میں بچہ دشواری محسوس کر رہا ہے تو آپ مدد کریں۔ اگر بچہ 5 میں سے 4 حروف درست طریقے سے پڑھ پاتا ہے تو اسے الفاظ پڑھنے کو کہا جائے۔ بچے کو ''حروف کے معیار'' پرنشان لگائیں اگر وہ 5 میں سے 4 حروف پڑھ لیتا ہے لیکن الفاظ کو نہیں پاتا۔ |
| کچھ نہیں/ابتدائی معیار<br>(Beginner/Nothing) | ☆ اگر بچہ 5 میں سے 4 حروف بھی نہ پڑھ سکے۔ |
| زبان<br>(Language) | بچے کا ٹیسٹ جس زبان میں لیا گیا ہے وہ یہاں پر لکھیں۔ مثلاً اُردو، سندھی یا پشتو |

## سرگرمی نمبر 8: بنیادی ریاضی

متعلقہ خانے پر نشان لگائیں، سب سے اعلیٰ معیار تک ( کچھ نہیں کرسکتا، 1 سے 9 تک اعداد کی پہچان، 10 سے 99 اعداد کی پہچان، تفریق اور تقسیم ) جو بچہ ریاضی کے ٹیسٹ میں کرسکتا ہے۔ Test کے دونوں نمونے جو آپ کو دیے گئے ہیں استعمال کیے جاسکتے ہیں۔ ریاضی کے ٹیسٹ کا عمل درج ذیل ہے

### ریاضی کے معیار کو جانچنے کے مراحل

| ریاضی کے معیار | ٹیسٹ اور بچوں کی معیار بندی |
|---|---|
| تقسیم Division | ☆ بچے کو تقسیم کے سوالات دکھائیں۔ اس کو کوئی سا ایک منتخب کرنے کو کہیے۔ اگر بچے کو سوال کے انتخاب میں دشواری پیش آئے تو آپ اس کی مدد کریں۔ اس سے پوچھیں کہ سوال کیا ہے اور اس کا کیا کرنا ہے۔<br>☆ پھر سوال کو اسی گھر کی شیٹ کے پیچھے لکھ کر اسے حل کرنے کو کہیں۔<br>☆ دیکھیے کہ وہ کیا کرتا/ کرتی ہے۔<br>☆ اگر بچہ صحیح طریقہ اپناتا ہے اور درست جواب نکال لیتا ہے تو اسے "تقسیم کے معیار" (Division Level) پر نشان لگایئے۔<br>☆ اگر بچہ سوال حل نہیں کر پاتا تو (Subtraction Level) پر نشان لگائیں۔<br>☆ کم سے کم گھر کے دو بچوں سے تقسیم کا سوال Household Sheet کے پچھلے حصے پر کروائیں چاہے جواب درست ہو یا غلط۔ |
| تفریق Subtraction<br><br>یہاں سے شروع کریں ← | ☆ بچے کو تفریق کے سوالات دکھایئے۔ ایک منتخب کرنے کو کہیے اگر نہ کر پائے تو آپ مدد کریں۔<br>☆ سوال کے شروع میں لکھے گئے اعداد بچے سے پوچھیے (مثلاً 56۔ اگر بچہ کہے کہ 5 اور 6 تو بچے کو دوبارہ پڑھنے کو کہیے کہ دونوں کو ملا کر پڑھے کیا بنتا ہے۔ اگر وہ پڑھ لیتا ہے تو اسے نیچے والی لائن کے اعداد پوچھیے۔<br>☆ تفریق کے نشان پر انگلی رکھ کے بچے سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ بچہ Subtraction, Minus یا تفریق کیسے ہے اگر وہ اپنی مقامی زبان یا اشاراتی طور پر (نکالنا ہے، کاٹنا ہے بتاتا ہے تو درست مانیے۔) جب آپ یہ فیصلہ کرے کہ بچہ اعداد اور منفی کے نشان کو پہچانتا ہے اور اسے معلوم ہے کہ کیا کرنا ہے تو سوال کو Household Sheet کے پیچھے لکھ کر حل کرنے کو کہیں۔ دیکھیں کہ وہ کیا حل کر رہا ہے۔<br>☆ ایک کے بعد دوسرا سوال حل کرنے کو دیجیے۔<br>☆ اگر وہ دونوں سوالات کو صحیح سے حل کر لیتا ہے تو اسے تقسیم کرنے کو کہیے۔<br>☆ اگر وہ تقسیم کا سوال حل نہیں کر پاتا یا نہیں کرنا چاہتا تو تفریق کے معیار "Subtraction level" پر نشان لگائیں۔<br>☆ اگر وہ تفریق کے سوالات درست حل نہیں کر پاتا تو اسے 10-99 تک اعداد کو پہچاننے کا کہیے۔ |
| 10-99 تک اعداد کی پہچان (Number Recognition) | ☆ بچے کو کوئی سے 5 اعداد پڑھنے کو کہیے۔<br>☆ اگر بچہ 5 میں سے 4 اعداد کو صحیح سے پہچان لیتا ہے تو اسے 10-99 اعداد کی پہچان کے معیار پر نشان لگایئے۔<br>☆ اگر وہ ان اعداد کو نہیں پہچان پاتا تو اسے 1-9 تک اعداد کو پہچاننے کو کہیے۔ |
| 1-9 تک اعداد کی پہچان (Number Recognition) | ☆ بچے کو کوئی سے پانچ اعداد پڑھنے کو کہیے۔<br>☆ اگر وہ 5 میں سے 4 اعداد کو صحیح سے پہچان لیتا ہے تو اسے 1-9 تک اعداد کی پہچان کے معیار پر نشان لگائیں۔ |
| ابتدائی/ کچھ نہیں (Beginner/Nothing) | 1-9 تک گنتی میں سے 5 سے 4 اعداد کو بھی نہیں پہچان پاتا تو "Nothing/Beginner" کچھ نہیں/ابتدائی کے معیار پر نشان لگائیں۔ |

# سرگرمی نمبر 9: انگلش کی مہارت کی جانچ

متعلقہ خانے پر نشان لگائیں، سب سے اعلیٰ معیار پر ( کچھ نہیں کر سکتا، بڑے حروف تہجی، چھوٹے حروف تہجی، الفاظ اور جملے ) جو بچہ ٹیسٹ میں حاصل کرتا ہے۔ٹیسٹ کے دونوں نمونوں جو آپ کو دیے گئے ہیں کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔انگریزی زبان کی مہارتوں کی جانچ کا طریقہ درج ذیل ہے۔

## بنیادی انگریزی کی جانچ کے مراحل

پڑھنا:ٹیسٹ میں بچہ سب سے زیادہ جس سطح/معیار تک آسانی سے پڑھ سکتا ہے پر نشان لگائیں۔

| انگریزی زبان کے معیار | ٹیسٹ کا طریقہ اور بچوں کی انگریزی پڑھنے کی صلاحیت کی معیار بندی |
|---|---|
| ابتدائی/ کچھ نہیں | بچہ بڑے حروف تہجی میں سے 5 میں سے 4 حروف کو بھی نہیں پڑھ سکتا۔ |
| بڑے حروف تہجی<br>(capital alphabets)<br>یہاں سے شروع کریں ← | ☆حروف کی فہرست میں سے بچے کو کوئی سے 5 حروف پڑھنے کو کہا جائے حروف بچے کو خود سے منتخب کرنے دیجیے۔اگر بچہ دشواری محسوس کرتا ہے تو آپ حروف کو چننے میں مدد دیں۔اگر بچہ 5 میں سے 4 حروف کو آسانی سے پڑھ لیتا ہے تو اسے چھوٹے حروف تہجی دکھائے جائیں۔<br>☆یاد رکھیں کہ صحیح جانچ کے لئے بچے سے صرف 5 حروف ہی پوچھے جائیں۔ |
| چھوٹے حروف تہجی<br>(Small alphabets) | ☆حروف کی فہرست میں سے بچے کو کوئی سے 5 چھوٹے حروف تہجی پڑھنے کو کہیے۔حروف بچے کو خود منتخب کرنے دیں۔اگر بچہ حروف چننے میں دشواری محسوس کرتا ہے تو آپ حروف کو چننے میں مدد دیں۔اگر بچہ 5 میں سے 4 حروف کو آسانی سے پڑھ لیتا ہے تو اسے الفاظ کی فہرست دکھائی جائے۔<br>☆اگر بچہ چھوٹے حروف کو پڑھ لیتا ہے لیکن الفاظ نہیں پڑھ سکتا تو شیٹ "Small Letter" کے معیار پر نشان لگائیں<br>☆یاد رکھیں کہ صحیح جانچ کے لئے بچے سے صرف 5 حروف ہی پوچھے جائیں۔ |
| الفاظ<br>(Words) | **الفاظ کو پڑھنا:۔**<br>☆الفاظ کی فہرست میں سے بچے کو 5 الفاظ کو پڑھنے کو کہیے۔<br>☆اگر بچہ 5 میں سے 4 الفاظ کو پہچان لیتا ہے تو اسے جملوں کی فہرست دکھائیے۔(پڑھے گئے الفاظ کو یاد رکھیں تاکہ بونس سوال میں مدد ملے )<br>☆اگر بچہ جملوں کو پڑھنا نہیں چاہتا یا پڑھ نہیں پاتا تو اسے ''الفاظ کے معیار'' پر نشان لگائیں۔ |
| آسان جملے<br>(Sentences) | **جملے پڑھنا:**<br>Test میں سے بچے کو 4 جملوں کو پڑھنے کو کہیے۔اگر بچہ 4 میں سے 2 جملوں کو مکمل طور پر روانی سے پڑھ پاتا ہے تو اسے جملوں یا "Sentences" کے معیار پر نشان لگائیے۔ |
| Bonus Q.1<br>الفاظ کے معنی<br>(Meaning of Words) | **اگر بچہ (الفاظ یا آسان جملے پڑھ لے تو) اس سے ان الفاظ کا معنی پوچھیے جو اس نے بتائے ہوں**<br>☆معنی لفظی بھی ہو سکتا ہے اور متعلقہ بھی مثلاً "Red" کے معنی ''لال'' بتانے کے بجائے وہ کسی ایسی چیز کی طرف اشارہ کرتا ہے جو لال رنگ کی ہے۔اسی طرح "Man" کے معنی ''آدمی'' بتانے کی بجائے وہ پاس کھڑے اپنے ابو کی طرف اشارہ کرتا ہے۔اسی طرح لفظ "Cup" کے معنی ''پیالی یا کٹوری'' بتاتا ہے۔اس طرح کے تمام جوابات درست مانے جائیں۔<br>اگر بچہ 5 میں سے 4 الفاظ کے معنی صحیح بتاتا ہے تو شیٹ پر ''Yes'' پر نشان لگائیں اور اگر نہیں بتاتا تو ''No'' پر نشان لگائیں۔ |
| Bonus Q.2<br>جملوں کے معنی<br>(Meaning of Sentences) | جملوں کے معنی<br>☆جن جملوں کو بچے نے پڑھا ہو، بچے سے ان جملوں کے معنی ان کی مقامی زبان میں پوچھیں۔<br>☆اگر بچہ 4 میں سے 2 جملوں کے معنی صحیح بتاتا ہے تو شیٹ پر ''Yes'' پر نشان لگائیں اور اگر نہیں بتاتا تو ''No'' پر نشان لگائیں۔ |

## سرگرمی نمبر 10: بنیادی جنرل نالج کے درجے

جنرل نالج کے سب سے بڑے درجے پر نشان لگائیں۔

جو بچہ انگلش اور ریاضی کے ٹیسٹ کرنے کی اہلیت رکھتے ہوئے حاصل کرتا ہے سے متعلقہ خانے پر نشان لگائیں۔

یاد رکھیے ٹیسٹ کے دونوں نمونے جو آپ کو دیئے گئے ہیں استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

### بنیادی جنرل نالج کے مراحل

| بچوں کے جنرل نالج کا درجہ | ٹیسٹ کرنے اور بچوں کے معیار بندی کا طریقہ (کم از کم) |
|---|---|
| انگلش | یہ سیکشن صرف ان بچوں سے پوچھیں جو انگریزی میں Word Level پر تھے۔ یہ ٹول بچوں کی سمجھنے کی صلاحیت کو جانچتا ہے۔<br>بچے سے نظم/ جملے پڑھنے کو کہیں درست پڑھنے پر Yes پر نشان لگائیں ورنہ No پر نشان لگائیں۔<br>اس کے بعد نظم خود پڑھ کر سنائیں اور بچے سے دیئے گئے دونوں سوال پوچھیں۔ اگر بچہ کوئی سے بھی 1 سوال کا درست جواب دے تو Yes پر نشان لگائیں نہیں تو No پر نشان لگائیں۔<br>بچے کو تصویریں دیکھ کر جملہ مکمل کرنے کو کہیں۔ اگر بچہ کوئی سے بھی دو جملے صحیح مکمل کرے تو Yes پر نشان لگائیں ورنہ No پر نشان لگائیں۔ |
| ریاضی | پانچ سے سولہ سال کے تمام بچوں سے یہ سیکشن حل کروائیں۔<br>پہلے سوال میں بچے سے سب سے بڑا نمبر تصدیق کرنے کو کہیں۔<br>سوال نمبر 2 اور 3 میں بچے کو Word Problem حل کرنے کو کہیں۔ آپ بچے کو سوال پڑھ کر سنا سکتے ہیں۔<br>اگر بچہ دونوں سوال صحیح طرح حل کر لیتا ہے تو ''Yes'' پر نشان لگائیں اور اگر نہیں کر پاتا تو ''No'' پر نشان لگائیں۔ |

اگر بچہ گھر پر موجود نہیں ہے تو آخری کالم میں نشان لگائیں۔

### (II) ماؤں کا تعلیمی معیار Mother's Education Level

ماؤں کا تعلیمی معیار: شیٹ میں ماں والے حصے (Section) میں گھر میں رہنے والی تمام ماؤں (جن کے بچے ہیں) کی معلومات لکھیں۔ ماں کی عمر اور نام لکھیں۔ بچوں کی تعداد لکھیں

(0 - 16 Years) اور (17 سال سے بڑی عمر کے بچے)۔

**متعلقہ خانے پر نشان لگائیں۔**

- **کبھی سکول گئی:** Yes کے خانے پر (✓) کا نشان لگائیں اگر کبھی اسکول گئی تھی ورنہ No کے خانے پر (✓) کا نشان لگائیں۔
- **اگر پڑھا تھا تو کس جماعت تک تعلیم مکمل کی:** کس جماعت تک تعلیم مکمل کی۔ جس جماعت سے چھوڑا وہ نہیں بلکہ جس جماعت تک تعلیم مکمل کی وہ لکھیں۔

اگر ماں خود گھر میں موجود ہے تو اس سے خود جہاں تک ممکن ہو سکے براہ راست معلومات حاصل کریں۔

### (III) بچے کے باپ کی معلومات Child's Father Information

**عمر:** باپ کی عمر پوچھیں اور متعلقہ خانے میں لکھ دیں۔

**متعلقہ خانے پر نشان لگائیں۔**

- **کبھی سکول گیا:** Yes کے خانے پر (✓) کا نشان لگائیں اگر کبھی اسکول گیا تھا ورنہ No کے خانے پر (✓) کا نشان لگائیں۔
- **اگر پڑھا تھا تو کس جماعت تک تعلیم مکمل کی:** کس جماعت تک تعلیم مکمل کی۔ جس جماعت سے چھوڑا وہ نہیں بلکہ جس جماعت تک تعلیم مکمل کی وہ لکھیں۔

## (IV) HOUSEHOLD INDICATORS

شیٹ میں موجود (Household Indicators) والے حصے میں گھر سے متعلقہ مختلف معلومات کو حاصل کریں تمام معلومات جہاں تک ہو سکے خود مشاہدہ کر کے اور ثبوت کی بنیاد پر لکھیں۔ اگر کسی وجہ سے آپ خود مشاہدہ نہ کر سکتے ہوں تو گھر کے افراد سے پوچھ کر حاصل کردہ معلومات کو شیٹ پر لکھیں۔ معلومات صرف ان اشیاء کے بارے میں ہونی چاہیے جو گھر والوں کی اپنی ہو۔ گھر سے حاصل کردہ معلومات کو بچوں کے تعلیمی معیار کے ساتھ لنک (Link) کیا جائے گا۔

بچہ جس گھر میں رہتا ہے وہ کیسا بنا ہے۔

☆ **کچا گھر: (Kutcha)** بچہ جس گھر میں رہتا ہے وہ کچا ہے۔ گھر کی چھتیں اور دیواریں کچی ہیں۔ گھر کچی اینٹوں، مٹی، گارے اور بانس وغیرہ سے بنایا گیا ہے۔

☆ **نیم پکا گھر: (Semi Pucca)** گھر کی دیواریں پکے گھر میں استعمال ہونے والے میٹریل/سامان سے بنائی گئی ہے لیکن چھت میں پکے گھر میں استعمال ہونے والا میٹریل استعمال نہیں ہوا مثلاً دیواریں پکی ہیں لیکن لینٹر والی چھت نہیں ہے۔

☆ **پکا گھر: (Pucca)** پکا گھر ایسا گھر ہوگا جس کی دیواروں میں پکی اینٹوں، سیمنٹ، ریت اور بجری وغیرہ کا استعمال ہوا ور چھت بھی پکی ہو۔

☆ **گھر کی ملکیت: (House Ownership)** ذاتی: ہاں ☐ نہیں ☐

**بجلی کی سہولت: (Electricity)** خود سے گھر کا مشاہدہ کر کے (بجلی کا میٹر، تار) یا گھر کے افراد سے پوچھ کر Yes اور No پر نشان لگائیں کہ آیا گھر میں بجلی موجود ہے یا نہیں۔

**ٹیلی ویژن: (TV)** گھر اگر TV ہے تو Yes پر ٹِک کا نشان لگائیں ورنہ No پر ٹِک کا نشان لگائیں۔

**موبائل فون: (Mobile Phone)** اگر گھر میں موبائل فون استعمال ہوتے ہیں تو Yes پر ٹِک کا نشان لگائیں ورنہ No پر ٹِک کا نشان لگائیں۔ (اس میں سمارٹ فون/ لینڈ لائن/ V-Phone شامل نہیں کرنا)

(ہم صرف استعمال ہونے والے موبائل فون کے بارے میں معلومات اکٹھی کر رہے ہیں کسی اور جیسے کہ Landline PTCL Telephone یا V.Phone کی نہیں۔)

**سمارٹ فون (Smart Phone: I-Phone/Android)** اگر گھر میں سمارٹ فون استعمال ہوتے ہیں تو Yes پر ٹِک کا نشان لگائیں ورنہ No پر ٹِک کا نشان لگائیں۔

**سواری:** گھر میں گاڑی اور موٹر سائیکل کی تعداد لکھیں۔

**کتنے بچے مدرسہ میں صرف قرآنی تعلیم حاصل کرتے ہیں:** تعداد میں بیان کریں۔

**نوٹ: صبر کا مظاہرہ کریں:۔ اکثر اوقات سروے کے دوران بہت سے لوگ آپ کے ارد گرد جمع ہو جاتے ہیں اور جاننا چاہتے ہیں کہ کیا ہو رہا ہے۔ آپ ان کو بتائیں کہ آپ کیا کر رہے ہیں اور کیوں۔ ان کو اثر (ASER) کے بارے میں بتایئے۔ گھر سے متعلقہ تمام معلومات لینے کے بعد گھر والوں کا شکریہ ادا کرنا ہمیشہ یاد رکھیں۔**

## سرگرمی نمبر 11: سکولوں میں کیا کیا جائے

### بنیادی ہدایات

☆ جس کلاس کا جائزہ لینا ہو اس کے استاد/ ہیڈ ماسٹر سے اجازت طلب کرنا۔

☆ گاؤں میں موجود **سرکاری ہائی سکول اسکول** جس میں 1 سے لیکر 10 تک کلاسیں موجود ہوں کا دورہ کریں اگر ہائی سکول موجود نہ ہو تو پھر ایسے سرکاری سکول کا انتخاب کریں جس میں پہلی سے لیکر ساتویں، آٹھویں تک کلاسیں موجود ہوں۔ اور اگر اس گاؤں میں ایسا کوئی سکول نہ ہو تو سرکاری پرائمری سکول کا دورہ کریں ورنہ اس کے علاوہ کوئی اور سرکاری سکول ہو تو اسکا سروے کریں۔ اگر ایک ہی معیار کے دو سکول ہوں تو اُس سکول کا انتخاب کریں جس میں سب سے زیادہ بچے ہوں سکول شیٹ کے متعلقہ خانے میں سکول کی اقسام میں (✓) کا نشان لگائیں۔

**اگر گاؤں میں کوئی سرکاری سکول نا ہو تو نزدیک ترین گاؤں کے سرکاری سکول کا سروے کریں۔**

☆ اگر گاؤں میں لڑکے اور لڑکیوں دونوں کا ہائی سکول موجود ہے تو آپ معلومات حاصل کرنے کے لئے لڑکیوں کے سکول کو ترجیح دیں۔

☆ ہیڈ ماسٹر سے ملاقات کریں اور اگر وہ غیر حاظر ہے تو اسکول کے سب سے سینئر استاد سے ملاقات کر کے مندرجہ ذیل معلومات اکھٹی کریں۔

☆ سکول کا نام لکھیں۔

☆ گاؤں، تحصیل، ڈسٹرکٹ اور صوبہ کا نام

☆ سکول کا درجہ ہائی، مڈل، پرائمری یا کوئی اور (متعلقہ خانے پر ٹک کا نشان لگائیں)

☆ سکول کی قسم لڑکوں کا ہے، لڑکیوں کا ہے یا دونوں کا (بچوں کے داخلے کے لحاظ سے متعلقہ خانے پر ٹک کا نشان لگائیں)

☆ میڈیم انگریزی (English)، اُردو، سندھی، پشتو یا کوئی اور (متعلقہ خانے پر ٹک کا نشان لگائیں)

☆ EMIS/BEMIS/SEMIS کوڈ کا اندراج کریں۔

☆ سکول بننے کا سال لکھیں۔

☆ اگر پرائیویٹ سکول ہے تو کیا اس سکول میں کوئی NGO کام کر رہی ہے۔

☆ سکول میں داخل ہونے اور نکلنے کا وقت نوٹ کریں۔

☆ سکول کے سروے کی تاریخ اور دن نوٹ کریں۔

☆ سروے کرنے والوں کے نام درج کریں۔

☆ کیا سکول میں کوئی سپیشل بچے (Special Children) داخل ہیں۔ سپیشل بچوں سے مراد وہ بچے ہیں جنہیں دیکھنے، سننے، چلنے، یا بولنے میں کوئی دشواری ہے۔ اگر ہاں تو بچوں کے لیے سکول میں کسی قسم کی سہولیات موجود ہیں؟ (سہولیات لکھیں)

### گورنمنٹ/ پرائیویٹ اسکولوں میں کیا کیا جائے گا؟

### بچوں کی تعداد اور حاضری: (سیکشن 1)

☆ ہیڈ ماسٹر سے حاضری رجسٹر کے بارے میں معلوم کریں۔ یا کوئی بھی ایسی دستاویز جس پر بچوں کی تعداد لکھی ہو۔

1- تمام کلاسوں کے رجسٹر مانگیں اور ''داخل شدہ بچوں کی تعداد'' کو نوٹ کریں۔

**نوٹ۔** اگر کسی ایک کلاس کے سیکشن ایک سے زیادہ ہیں تو تمام سیکشن کے داخل شدہ بچوں کو جمع کر کے تعداد لکھیں۔

2- اس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ ہیڈ ماسٹر نے آپ کو ٹیچر سے متعارف کروایا ہے۔ اور اگر نہیں تو اپنا اور ASER کا تعارف کرائیں۔ کلاس کی معلومات اکھٹی کرنے کے لئے استاد کی اجازات طلب کریں۔

3- ان کلاسوں/ جگھوں جہاں بچے بیٹھے ہیں میں ادھر ادھر گھومیں اور ان کی حاضری کلاس کے حساب سے اکٹھی کریں۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کو بچوں کی کلاس کے حساب سے نشاندہی کیلئے (خود) ٹیچر کی مدد کی ضرورت پڑے کیونکہ عام ہوسکتا ہے کہ تمام کلاسوں کے بچے اکھٹے ہی بیٹھے ہوئے ہیں۔ اگر ایسا ہو تو ہر جماعت کے بچے کو ہاتھ کھڑا کرنے کو کہیں۔ کھڑے ہوئے ہاتھوں کو گنیں اور ویسا ہی ''جائزے کی شیٹ'' "Observation Sheet" پر لکھ دیں اس بات کا خاص طور پر دھیان رکھیں کہ آپ صرف کلاس کے حساب سے ہی بچوں کو گنیں جو کلاس میں موجود ہوں۔

4- آپ ان معلومات کو سکول کے رجسٹروں میں سے اکٹھا کر کے پُر کر سکتے ہیں۔ کہ آپ بچوں کی تعداد خود گنیں۔

5- ٹیچر سے ہر جماعت کی فیس کی معلومات لے کر لکھیں۔

## کلاس روم کا مشاہدہ: (سیکشن 2)

1-یہ سیکشن صرف کلاس دوم اور ہشتم کیلئے پر کیا جائے گا۔اگر ہر کلاس کے ایک سیکشن سے زیادہ سیکشن ہیں تو کسی بھی سیکشن کو منتخب کرلیں۔اس کلاس کا نام لکھیں جس کے ساتھ یہ کلاس بیٹھی ہو۔

2-مشاہدہ کریں کہ کلاس کہاں بیٹھی ہے(کمرے میں، برآمدے میں یا باہر)اوراس کے مطابق شیٹ پر نشان لگائیں۔

3- کیا کلاس روم میں تختہ سیاہ موجود ہے(ہاں/نہیں)۔کیا تختہ سیاہ قابل استعمال بھی ہے یا نہیں۔اس پر خود لکھ کر چیک کریں

4-مشاہدہ کریں کہ کیا بچوں کے پاس کم ازکم درسی کتب موجود ہیں بچوں سے کہیں کہ اپنی کتابیں دکھائیں۔اوراس طرح صحیح صحیح اندازہ لگائیں۔

5-درسی کتب کے علاوہ مشاہدہ کریں کہ کمرے میں تدریسی عمل سے متعلق دوسری اشیاء موجود ہیں۔مثلاً (کتابیں، دیواروں پر چارٹ، بورڈ پر کھیلے جانے والی گیمز وغیرہ)اس کے مطابق جس بھی کلاس کا آپ مشاہدہ کریں اس پر نشان لگائیں۔

## مجموعی تبصرہ اور مشاہدہ (سیکشن 3)

سکول کے مشاہدہ کے بارے میں کوئی ذاتی تاثرات بیان کریں۔(صفحہ کا پچھلا حصہ بھی استعمال کیا جاسکتا ہے)

## اساتذہ (سیکشن 4)

1-پرنسپل سے درخواست کریں کہ وہ اساتذہ کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔

الف۔سکول میں منظور شدہ اساتذہ کی آسامیاں

ب۔اسکول میں تعینات اساتذہ کی تعداد

ج۔اساتذہ جو سروے کے دن حاضر تھے

د۔ان اساتذہ کی تعداد جو اس گاؤں میں رہتے ہیں۔(اگر لاگو ہوتا ہے)

2-اس بات کا خیال رکھیں کہ سرکاری اساتذہ کی تعداد میں ہیڈ ماسٹر شامل نہیں ہے۔

3-اگر سکول کے Para Teachers اور ٹیچرز سکول مینجمنٹ کمیٹی کی طرف سے آئے گئے ہیں تو اس کی نشاندہی الگ سے کریں۔

4-ہر کیٹگری کے اساتذہ (ہیڈ ٹیچر، ریگولر ٹیچر، پیرا ٹیچر) چاہے وہ ایک ہی گاؤں میں رہتے ہیں یا ساتھ والے گاؤں میں اُن کا اندراج کریں۔

## اساتذہ کی تعلیمی قابلیت (سیکشن 5)

اساتذہ کی تعلیمی قابلیت کے بارے میں معلومات حاصل کریں اور اسکا اندراج کریں۔مثلاً میٹرک سے کم، میٹرک، ایف اے، بی اے، ایم اے، اور others۔

اساتذہ کی فنی قابلیت کے بارے میں معلومات حاصل کریں اور اسکا اندراج کریں۔مثلاً None, CT, PTC, B.Ed, M.Ed, Others

اساتذہ کی تعلیمی قابلیت کی تعداد ٹوٹل تعینات اساتذہ کے برابر ہونی چاہیے۔

## اساتذہ کی تربیت (سیکشن 6)

اساتذہ کی تربیتی کے بارے میں معلومات حاصل کریں کہ انہوں نے سال میں کتنے دن کی ٹریننگ حاصل کی۔

## سکولوں میں فراہم کردہ سہولیات (سیکشن 7)

☆سکولوں میں موجود کمروں کی تعداد

☆ان کمروں کی تعداد جن کو پڑھانے کے لئے استعمال کیا جارہا تھا۔

**خود مشاہدہ کر کے درست ڈبے پر نشان لگائیں**

☆ پانی پینے کی سہولت بچوں کے لیے موجود ہے کہ نہیں؟

☆ کیا سکول کی چار دیواری موجود ہے؟

☆ بچوں کیلئے ٹائلٹ ( Toilet ) کی موجودگی اور اس کا استعمال۔ آپ کو خود مشاہدہ کرنا ہوگا کہ آیا بچے کے لئے موجود Toilet قابل استعمال ہے یا نہیں۔ یا پھر وہ سٹاف کے ٹائلٹ استعمال کرتے ہیں یا اگر مسجد میں مثال کے طور پر کوئی ہے تو اس کو استعمال کرتے ہیں۔ بچوں سے سوال کریں؟

☆ کیا سکول کی لائبریری میں کتابیں ہیں؟

☆ کیا آپ کو لائبریری کی کتابیں نظر آ رہی ہیں؟

☆ کیا کوئی کھیلنے کا میدان موجود ہے؟

☆ کیا سکول میں بجلی کا کنکشن موجود ہے؟

☆ کیا سکول میں سائنس لیبارٹری ہے؟

☆ کیا سکول میں کمپیوٹر لیب ہے؟

☆ کیا سکول میں انٹرنیٹ ہے؟

**صفحہ نمبر 2 (صرف گورنمنٹ سکول کی شیٹ کے لئے)**

سکول، گاؤں، ضلع اور صوبہ کا نام لکھیں

ہیڈ ٹیچر کا نام، سکول کا فون نمبر اور ہیڈ ٹیچر کا موبائل نمبر درج کریں

اس حصہ کی معلومات کیلئے ہیڈ ماسٹر سے درخواست کریں ہیڈ ماسٹر کے غیر حاضر ہونے کی صورت میں سب سے سنیر استاد سے یا ایسی معلومات فراہم کرنے والے انچارج سے رابطہ کریں جس شخص سے یہ سوالات کیے جائیں اس کے عہدے پر (✓) کا نشان لگائیں (ہیڈ ماسٹر، ٹیچر۔ پیرا۔ ٹیچر)

**/PTA/ SMC/SC /PTC/PTSMC سکول کونسل کی معلومات (سیکشن 8)**

کیا سکول میں PTA/SMC/SC/PTC/PTSMC فعال ہے یا نہیں۔

PTA/SMC/SC/PTC/PTSMC / سکول کونسل کے ممبران کی تعداد کا اندراج کریں۔

PTA/SMC/SC/PTC/PTSMC / سکول کونسل کے فعال ممبران کی تعداد کا اندراج کریں۔

PTA/SMC/SC/PTC/PTSMC / سکول کونسل کے بینک میں موجود رقم کے بارے میں اندراج کریں۔

PTA/SMC/SC/PTC/PTSMC/ ممبران کی آخری میٹنگ کی تاریخ لکھیں۔

**سکول فنڈ کی معلومات: (جولائی 2014 سے جون 2015) (سیکشن 9)**

1- اس حصے کیلئے جولائی 2014 سے جون 2015 کی معلومات کو لکھ لیں۔

2- پوچھیں کہ سکول کو کون کونسے فنڈ ملتے ہیں۔ شیٹ میں درج شدہ نام کے فنڈز کے علاوہ دوسرے فنڈز کے نام لکھیں۔

اگر کوئی فنڈ ملا ہو تو اس فنڈ کی رقم کو نوٹ کر لیں اور یہ کہ یہ فنڈ کب ملا۔ اس مہینے کا نام بھی تحریر کریں جب فنڈ ملا وہ شخص جو ان سوالات کے جواب دے رہا ہے یہ کہیے کہ وہ مستقبل میں کچھ فنڈ حاصل کر رہا ہوگا تو ''نہیں'' پر نشان لگائیں۔

کیا حاصل شدہ فنڈ مکمل طور پر خرچ ہو گیا ہے یا نہیں، اسکی معلومات درج کریں۔

**سکول کے فنڈ کہاں خرچ ہوئے۔ (جن مد میں فنڈ/ پیسہ خرچ ہوا ہے اس پر نشان لگائیں)**

☆اسکول کے احاطے کے اندر ☆سکول کی عمارت میں ☆ چاردیواری بنانے میں

☆ نئے کمرے بنانے میں ☆ کلاس روم کے اندر ☆ سٹیشنری کا سامان خریدنے میں

☆ پانی یا غسل خانے کی سہولت مہیا کرنے میں ☆ فرنیچر کی مرمت ☆ لائبریری کے لیے کتابیں

☆ پنکھے کی مرمت ☆ پیرا استاد کی تنخواہ میں ☆ کمپیوٹر کی مرمت

(اسکول فنڈز کے استعمال کے بارے میں معلومات پرائیویٹ سکولوں سے نہیں لی جائیں گی) ☆ نیا فرنیچر خریدنے میں

**سکول فنڈ کی معلومات (جولائی 2015 سے آج تک) (سیکشن 10)**

سکول کو موصول ہونے والے رقوم/ فنڈ اور انکے استعمال کی تفصیلات حاصل کریں اور انکا اندراج کریں۔

**صرف پرائیویٹ سکول کی شیٹ کے لیے:**

1۔ اس حصے کے لئے جولائی 2014 سے جون 2015 کی معلومات کو لکھ لیں اور جولائی 2015 سے سروے کی تاریخ تک۔

2۔ اس شخص کا نام لکھیں جو معلومات دے رہا ہے۔

3۔ اگر سکول نے کسی گورنمنٹ/ پرائیویٹ، این جی او سے کوئی فنڈ حاصل کیا ہے تو ہاں یا نہیں پر ٹک کا نشان لگائیں۔

4۔ اگر کوئی فنڈ ملا ہو تو اس فنڈ کی رقم کو نوٹ کرلیں اور یہ فنڈ کب ملا اس مہینے کا نام بھی تحریر کریں جب فنڈ ملا وہ شخص جو ان سوالات کے جواب دے رہا ہے سے یہ کہیے کہ وہ مستقبل میں کچھ فنڈ حاصل کر رہا ہو گا تو "نہیں" پر نشان لگائیں۔ ڈیپارٹمنٹ/ تنظیم کا نام لکھیں۔

5۔ جو بھی شخص اس حصے میں فنڈ کے بارے میں معلومات فراہم کر رہا ہے تو اس سے اس انداز میں سوال پوچھیں کہ وہ خوف زدہ یا پریشانی محسوس نہ کرے اگر شخص اس حصے کا جواب دینے میں ہچکچاہٹ محسوس کریں یا جواب نہ دینا چاہے تو اسے زور نہ دیں اور اگلے حصے (Section) پر چلے جائیں۔ اس حصے کہ سوالات کو خالی چھوڑ دیں۔

☆سکول سے نکلتے ہوئے وقت نوٹ کریں

یاد رکھیں! کہ سکول کے مشاہدہ کو مکمل کرنے کے بعد ٹیچر/ ہیڈ ٹیچر کا شکریہ ادا کریں۔

**یادرکھنے کے بنیادی نکات / خلاصہ:**

آپ اس گاؤں کے علاوہ کسی اور گاؤں میں نہیں جاسکتے جہاں آپ کو بھیجا گیا ہے۔

☆ **گاؤں کے بڑے بزرگوں سے ملیں**۔ان کو ASER کے بارے میں بتائیں۔

☆ گاؤں کے بارے میں معلومات اکٹھی کریں اور جو شیٹ آپ کو دی گئی اس میں ریکارڈ کریں۔

☆ **گاؤں کے اردگرد چہل قدمی کریں اور ایک خاکہ بنائیں۔ساتھ ہی سروے کرنے والے گھروں اور سکولوں کی نشاندہی کریں۔**

## گاؤں کو سیکشن میں تقسیم کریں۔

☆ تمام منتخب کردہ سیکشن میں جائیں اور ہر پانچویں گھر کا سروے کریں۔کم از کم 20 گھروں کا سروے کریں۔

☆ اگر منتخب کردہ گھر میں 16-3 سال کی عمر کے بچے نہیں بھی ہیں تب بھی ایسے گھر کو سروے میں شامل کریں تمام گھروں میں 16-3 سال کی عمر کے بچوں کی معلومات اکٹھی کریں۔

☆ ہر بچے کے بارے میں یہ معلومات حاصل کریں

☆ نام،جنس،عمر وغیرہ۔

☆ ماں کا نام

☆ کیا بچے کو سکول میں داخل کرایا گیا ہے اور پھر اس جماعت اور سکول کی بچوں سے پوچھیں کیا وہ کبھی Pre-School گئے ہیں۔

☆ اگر اس وقت بچہ سکول نہیں جاتا تو اس کی تفصیلات معلوم کریں کہ انہوں نے سکول کب چھوڑا وغیرہ۔

☆ کیا بچہ ٹیوشن جاتا ہے۔

☆ باپ کی عمر اور تعلیم

## تمام 5 سے 16 سال کی عمر کے بچوں کو یہ ٹیسٹ دیں۔

☆ بنیادی پڑھائی (Reading)

☆ بنیادی حساب (Math)

☆ بنیادی انگریزی (English)

☆ گھروں کا مشاہدہ کریں اور گھریلو معلومات کو پر کریں۔گھر کس طرح کا ہے،بجلی،ٹائلٹ موبائل فون اور گاڑی وغیرہ کی معلومات۔

☆ **گھر چھوڑنے سے پہلے دوبارہ چیک کرلیں کہ تمام معلومات مکمل اور صحیح ہیں۔**


☆ سکول کا مشاہدہ ایک گورنمنٹ اور ایک پرائیویٹ سکول کے حساب سے کریں ہاں اگر سکول کے بند ہونے میں کم وقت رہ گیا ہو تو آپ اور آپ کا ساتھی الگ الگ ہو کر ایک ایک سکول کا مشاہدہ کر سکتے ہیں۔خواتین سرکاری سکولوں میں جائیں کیونکہ وہاں ان کی رسائی آسان ہوگی جبکہ مرد حضرات پرائیویٹ سکولوں میں جاسکتے ہیں جبکہ ان سرکاری مڈل اور پرائمری سکول برائے خواتین میں جانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

☆ سکول وزٹ (دورہ سکول) ہر صورت میں کسی ورکنگ ڈے پر کیا جائے اس بات کی یقین دہانی کرلیں کہ سکول مشاہدے کی شیٹ کے تمام سیکشن اچھے طریقے سے پر کئے گئے ہیں۔

# Surveyed Household Identification in Village for Monitoring

Annual Status of Education Report
ASER PAKISTAN 2015
Facilitated by SAFED

**Village/Block:** NANDO KOHISTAN **Tehsil/Taluka:** ROHRi **District/Agency:** SUKKR




| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| TOTAL HOUSEHOLDS | 1000 | Total Number of School | | Facilities | Post Office | Bank | PCO | Health Facilities | Pacci Road | Internet Café/ Computer Center |
| Approx. POPULATION | 6000 | Government | 1 | Yes | | | ✓ | ✓ | ✓ | |
| Local Languages | SiNDHi | Private | [illegible] | No | ✓ | ✓ | | | | ✓ |